راہنماہدایات برائے کاغذاتِ نامزدگی

1. ایک کاغذاتِ نامزدگی کا فارم حاصل کرنے کی فیس 100 روپے ہے۔
2. ایک امیدوار مختلف تجویز کنندہ و تائید کنندگان کے ساتھ زیادہ سے زیادہ پانچ کاغذاتِ نامزدگی جمع کرواسکتا ہے۔
3. کاغذاتِ نامزدگی جمع کروانے کے لیے قومی اسمبلی کی نشست کے امیدوار کے لیے فیس 30 ہزار روپے ہے جبکہ صوبائی اسمبلی کی نشست کے لیے امیدوار کے لیے فیس 20 ہزار روپے جو کہ ناقابلِ واپسی (Non-Refundable) ہے۔
4. کاغذاتِ نامزدگی متعلقہ ریٹرننگ آفیسر دفتری اوقات (8:30A.M. تا 4:30P.M.) میں 20 دسمبر 2023 تا 22 دسمبر 2023 تک جمع کروائے جاسکتے ہیں۔
5. کاغذاتِ نامزدگی کے ساتھ امیدوار اس کے تجویز کنندہ و تائید کنندہ کے شناختی کارڈ کی مصدقہ نقول منسلک کرنا ہونگی۔
6. کاغذاتِ نامزدگی کے ساتھ امیدوار اس کے تجویز کنندہ و تائید کنندہ کے ووٹ سرٹیفیکیٹ جو کہ متعلقہ ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر کے دفتر سے جاری شدہ ہو منسلک کرنا ہونگے۔
7. امیدوار گزشتہ تین سالوں کا انکم ٹیکس ریٹرن کاغذاتِ نامزگی کے ساتھ منسلک کرے گا۔
8. امیدوار کی جانب سے پاسپورٹ کی مکمل نقل کاغذاتِ نامزگی کے ساتھ منسلک کی جائے گی۔
9. امیدوار کی جانب سے کاغذاتِ نامزدگی کی فیس نقد براہ راست ریٹرننگ آفیسر یا بذریعہ بینک ڈرافٹ جو کہ ریٹرننگ آفیسر کے نام ہو یا کسی بھی نیشنل بینک کی شاخ میں نقد جمع کروائی جاسکتی ہے۔ اس صورت میں امیدوار بینک سے جاری شدہ رسید کاغذات نامزدگی کے ساتھ منسلک کرے گا۔ بینک میں نقد رقم جمع کروانے کی صورت میں درج ذیل ہیڈ آف اکاونٹ میں چالان کے ذریعے فیس جمع کروائی جاسکتی ہے۔

Head of Account

C-Non-Tax Revenue

C02-Receipts from civil Administration and Other Functions.

C021- General Administration Receipts – Organs of State

CamScanner

10. امیدوار بننے کیلئے بنیادی اہلیت درجہ ذیل ہے:

i. امیدوار پاکستان کا شہری ہو۔

ii. امیدوار کی عمر کاغذاتِ نامزدگی جمع کروانے کی آخری تاریخ تک 25 سال سے کم نہ ہو۔

iii. قومی اسمبلی کی نشست کے لیے امیدوار پاکستان میں کسی بھی جگہ کا ووٹر ہو۔

iv. صوبائی اسمبلی کی نشست کے لیے امیدوار متعلقہ صوبہ کا امیدوار ہو۔

v. قومی اسمبلی کے لیے خواتین کی مخصوص نشستوں کے لیے امیدوار کا متعلقہ صوبے کا ووٹر ہونا لازمی ہے۔

11. امیدوار کی اہلیت و نااہلیت کی تفصیلات آئین کے آرٹیکلز 62 اور 63 میں درج ہیں۔ جن کو امیدوار کاغذاتِ نامزدگی جمع کروانے سے پہلے بغور پڑھ سکتا ہے۔

12. جنرل نشستوں کے امیدوار کے تجویز و تائید کنندہ کا متعلقہ حلقے کا ووٹر ہونا لازم ہے جبکہ قومی اسمبلی کے لیے خواتین اور صوبائی اسمبلی کی خواتین اور غیر مسلم نشستوں کے تجویز اور تائید کنندگان کا متعلقہ صوبے کا ووٹر ہونا لازم ہے۔ تاہم قومی اسمبلی کے لیے غیر مسلم نشستوں کے لیے امیدوار کے تجویز و تائید کنندہ پاکستان کے کسی بھی حصے کے ووٹر ہو سکتے ہیں۔

13. مخصوص نشستوں کے امیدواروں کے کاغذاتِ نامزدگی کے ساتھ متعلقہ سیاسی جماعت کی جانب سے جاری کردہ امیدواروں کی ترجیحی فہرست جس میں امیدوار کا نام شامل ہو منسلک کی جائے گی۔

14. انتخابی اخراجات کے حوالے سے ہر امیدوار یا تو کسی بھی شیڈول بینک میں خصوصی اکاؤنٹ کھولے گا یا پہلے سے موجود بینک اکاؤنٹ کی تفصیل کاغذات نامزدگی میں درج کریگا اور کاغذات نامزدگی جمع کرواتے وقت بینک اسٹیٹمنٹ منسلک کرے گا۔

15. بینک اسٹیٹمنٹ کے اجراء کے وقت امیدوار اس بات کو یقینی بنائے گا کہ بنک اسٹیٹمنٹ میں ٹرانزیکشنز (Transactions) کی تفصیل 8 دسمبر 2023 سے درج ہونی چاہیئے۔

CamScanner

16. خصوصی بینک اکاؤنٹ یا پہلے سے موجود بینک اکاؤنٹ جسے امیدوار اپنی انتخابی اخراجات کے لیے استعمال کرے گا وہ سنگل اکاؤنٹ ہو گا۔

17. کاغذاتِ نامزدگی کے ساتھ بیانِ حلفی (Affidavit) کا نمونہ منسلک ہے جس کو امیدوار اشٹام پیپر (Stamp paper) پر دے گا۔ جس کی تصدیق اوتھ کمشنر سے کروائے گا۔ کاغذاتِ نامزدگی کے ساتھ اپنی / اپنے، بیوی / شوہر اور زیر کفالت بچوں کے اثاثہ جات کی تفصیل فارم۔بی (Form-B) میں درج کرے گا۔

18. کاغذاتِ نامزدگی امیدوار یا اُس کے تجویز کنندہ، تائید کنندہ یا امیدوار کی جانب سے تحریری طور پر مجاز شخص جمع کروا سکتا ہے۔ البتہ مجاز شخص کی جانب سے کاغذاتِ نامزدگی کی اتھارٹی لیٹر کی تصدیق نوٹری یا اوتھ کمشنر کی جانب سے ہونا لازم ہے۔

19. کاغذاتِ نامزدگی میں اگر کوئی خانہ امیدوار سے متعلقہ نہ ہو تو وہاں NA لکھ دیا جائے۔

20. امیدوار اپنی تازہ ترین تصویر کاغذاتِ نامزدگی پر مخصوص جگہ پر چسپا کرے گا۔

CamScanner